يُنَوِّرَ وَكَانَ وَجْهُهُ فِى الظُّلْمَةِ كَالسِّرَاجِ مُظْهِرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
کہ ان کو نور عطا کیا جائے تو ان کا چہرہ رات کی تاریکی میں چراغ کی مانند واضح اور نورانی ہوتا تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ دَعَا عَلٰى سُرَاقَةَ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے دعا فرمائی سراقہ کے خلاف
حِيْنَ تَبِعَهٗ فَالْتَقَمَتْهُ الْاَرْضُ بَعْدَ مَاۤ اَرَادَتْ اَنْ تَبْتَلِعَهٗ اَللّٰهُمَّ
جبکہ وہ چلا ان کے پیچھے (ہجرت کے موقعہ پر) پس گرادیا اس کو زمین نے بعد اس کے کہ ارادہ کیا اس کو نگلنے کا۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ دَعَا
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے دعا فرمائی
لِرَجُلٍ وَّكَانَ لَا يَسْتَطِيْعُ حَمْلَ صَاعٍ بِالْمَدِيْنَةِ فَعَادَ يَحْمِلُ مَا
ایک مدنی شخص کے لیے جبکہ وہ نہیں ہمت رکھتا ایک صاع کے اٹھانے کی پس وہ اٹھانے لگا اتنا وزن کہ جس کو
تَحْمِلُهُ السَّفِيْنَةُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ
کشتی اٹھا سکے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ دَعَا لِدَوْسٍ بِالْهِدَايَةِ وَالْاِيْمَانِ فَجَآءُوْا
کی آل پر کہ جس محبوب نے دعا فرمائی قبیلۂ دوس کے لیے ہدایت کی اور ایمان کی پس وہ حاضر خدمت
مُعْتَرِفِيْنَ بِالْاِيْمَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
ہوگئے ایمان واسلام کا اعتراف کرتے ہوئے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ دَعَا لِاَبِىْ هُرَيْرَةَ حِيْنَ وَعَظَهٗ فَمَا نَسِىَ
آپ کی آل پر جنہوں نے دعا فرمائی حضرت ابوہریرہ کے (حافظہ) کیلئے جب کہ وعظ فرمایا پس وہ نہ بھولے
شَيْئًا مِّنْهُ بَعْدَ ذٰلِكَ وَحَفِظَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
کوئی شئ اس سے بعد اس کے اور یاد رکھا اسے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ دَعَا لِعُرْوَةَ بِالْبَرَكَةِ فَمَا رَامَ فِىْ شَىْءٍ
اور آپ کی آل پر جنہوں نے دعا فرمائی عروہ کے لیے برکت کی پس انہوں نے نہ ارادہ کیا کسی چیز میں

رِبْحًا اِلَّا نَالَهٗ وَاَدْرَكَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى
نفع کا مگر اس کو حاصل کرلیا اور پالیا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ دَعَا بِقَبُوْلِ دُعَآءِ بَعْضِ الصَّحَابَةِ فَكَانَتْ
کی آل پر کہ جنہوں نے دعا فرمائی بعض صحابہ (حضرت سعد) کے لیے قبولیت دعا کی تو ہو گئی
دَعْوَتُهٗ مُسْتَجَابَةً اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ
ان کی ہر دعا مستجاب ومقبول۔ اے اللہ صلوٰۃ سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ دَعَا لِلنَّابِغَةِ اَنْ لَّا يَفْضُضِ اللّٰهُ فَاهُ فَعَاشَ مِائَةً
آل پر کہ جنہوں نے دعا فرمائی نابغہ کے لیے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے منہ کو نہ توڑے پس وہ زندہ رہے ایک سو
وَّعِشْرِيْنَ سَنَةً لَّمْ تَسْقُطْ لَهٗ سِنٌّ بِّدُعَآئِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
بیس سال نہ گرا ان کا کوئی دانت آپ کی برکت و دعا سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ دَعَا لِلْمِقْدَادِ بِالْغِنٰى وَالْيَسَارِ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے دعا فرمائی حضرت مقداد کے لیے غنا اور خوشحالی کی
فَاَدْرَكَ مَا يُرِيْدُ مِنْ ذٰلِكَ وَيَخْتَارُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
تو انہوں نے پا لیا اپنی مراد اور پسند کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ دَعَا لِقُرْقُرَةَ وَقَدْ شَرَدَ لَهُ الْبَعِيْرُ مِنْ
اور آپ کی آل پر جنہوں نے دعا فرمائی قرقرہ کے لیے درآنحالیکہ بھاگ گیا تھا ان کا اونٹ
سَاقَتِهٖ فَقَادَهٗ لَهُ الرِّيْحُ وَسَاقَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
نگرانوں سے چنانچہ لے آئی اس کو آندھی اس کی طرف اور اسے کھینچ لائی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ دَعَا لِمُعَاوِيَةَ بِالتَّمْكِيْنِ فِى الْبِلَادِ فَنَالَ
اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے دعا فرمائی حضرت معاویہ کیلئے بلاد اور علاقہ جات میں ثابت قدمی اور استحکام
مِنْ ذٰلِكَ فَوْقَ مَاۤ اَرَادَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
کی پس پالیا انہوں نے اس سے اپنی مراد سے بھی زائد کو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِیْ دَعَا لِجَابِرٍ وَّ کَانَ لَا یَثْبُتُ عَلَی الْخَیْلِ فَمَآ
آل پر جنہوں نے دعا فرمائی حضرت جابر کے لیے درآنحالیکہ وہ گھوڑے کی پشت پر برقرار نہیں رہ سکتے تھے۔ لیکن

اَصَابَہٗ بَعْدَ ذٰلِكَ سُقُوْطٌ وَّلَا مَیْلٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
اس کے بعد نہ گرے اور پشت سے نہ مائل ہوئے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِیْ دَعَا لِلْمُسْتَضْعَفِیْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ
محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے دعا فرمائی ناتواں اہل اسلام کے لیے

بِمَکَّۃَ فَاُعْطُوا النَّجَاۃَ مِنَ الْھَوَانِ وَالْھَلَکَۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
جو مکہ میں تھے پس انہیں نجات عطا کی گئی رسوائی اور ہلاکت سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِیْ دَعَا لِاَصْحَابِہٖٓ اَنْ یُّکْسَرَ عَنْھُمُ الْبَرْدُ
محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے دعا فرمائی اپنے اصحاب کیلیے کہ اللہ تعالیٰ ان سے ٹھنڈک اور شدت سر کو دور

فَلَمْ یُصِبْھُمْ ذٰلِكَ بَعْدُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی
کردے تو وہ انہیں بعد ازاں لاحق نہ ہوئی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِیْ دَعَا لِرَفْعِ الْوَبَا عَنِ الْمَدِیْنَۃِ وَالرَّجْفَۃِ
آل پر کہ جنہوں نے دعا فرمائی مدینہ منورہ سے وبا، اور زلزلہ کے دور

فَانْتَقَلَتْ حُمّٰھَآ اِلَی الْجُحْفَۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
ہونے کی تو اس کا تپ جحفہ کی طرف منتقل ہوگیا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِیْ دَعَآ اَنْ لَّا یَدْخُلَ الْمَدِیْنَۃَ رُعْبُ الدَّجَّالِ
آپ کی آل پر کہ جنہوں نے دُعا فرمائی کہ نہ داخل ہو مدینہ منورہ میں رعب دجّال کا

فَلَمْ یَدْخُلْھَا بِوَجْہٍ وَّلَا حَالٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی
پس وہ نہ داخل ہوا کسی طرح پر اور نہ کسی حال میں داخل ہوگا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِیْ دَعَآ اَنْ یُّحَبِّبَہُ اللّٰہُ الْمَدِیْنَۃَ کَحُبِّہٖ مَکَّۃَ وَاَنْ
آپ کی آل پر جنہوں نے دعا فرمائی کہ اللہ تعالیٰ محبوب بنادے ان کے لیے مدینہ کو مانند مکّہ کی محبت کے اور بنادے

یَّجْعَلَ مَا بِھَآ اَضْعَافَ مَا بِمَکَّۃَ مِنَ الْبَرَکَۃِ فَنَالَ ذٰلِكَ وَاَدْرَکَہٗ
جو کچھ اس میں ہے دگنی برکت والا بنسبت مکّہ مکرمہ کے تو پالیا آپ نے یہ مقصد اور حاصل کر لیا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِیْ دَعَا
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے دعا فرمائی

لِاَھْلِ الْمَدِیْنَۃِ فِی الْمُدِّ وَالصَّاعِ فَکَانَ مُدُّھَا یُشْبِعُ ثَلٰثَۃَ نَفَرٍ وَّھُمْ
اہل مدینہ کے لیے ان کے مد اور صاع میں پس ان کا مد (سیر کا پیمانہ) سیر کردیتا تھا تین افراد کو جبکہ وہ

جِیَاعٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِیْ
بہت بھوکے ہوتے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور سیّدنا محمدؐ کی آل پر جنہوں نے

دَعَا فِیْ سَمْنِ اُمِّ سُلَیْمٍ بِالْبَرَکَۃِ فَعَادَ کَمَا کَانَ قَبْلَ خُرُوْجِہٖ مِنَ الْعُکَّۃِ
دعا فرمائی حضرت ام سلیم کے گھی میں برکت کے لیے تو وہ ہوگیا جیسے کہ تھا ڈبہ اور برتن سے نکلنے سے پہلے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِیْ دَعَا
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے دعا فرمائی

فِیْ صَاعِ تَمْرِ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عِیَانًا فَانْتَفَعَ بِہٖ دَھْرًا وَّزَمَانًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
حضرت ابوہریرہ کی ایک صاع کھجوروں میں علانیہ پس انہوں نے نفع اٹھایا اس سے عرصہ دراز تک۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِیْ دَعَا لِابْنِ الْمُلَاعِبِ الْخُرْصَا
نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے دعا فرمائی واسطے نیزہ باز کے بیٹے کے

فَعُوْفِیَ مِنَ السِّقَامِ وَالْاِسْتِسْقَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی
پس اسے فوری طور پر عافیت حاصل ہوگئی بیماریوں سے اور استسقیٰ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِیْ دَعَا لِفَرَسِ ابْنِ اَبِی الْجَعْدِ وَاسْتَوْفٰی فَبَاعَ مِنْ
آپ کی آل پر جنہوں نے دُعا فرمائی ابن ابی الجعد کی گھوڑی کے لیے اور کامل حصّہ طلب کیا تو انہوں نے بیچے

بَطْنِھَا بِاثْنَیْ عَشَرَۃَ اَلْفًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اس کے بطن سے پیدا ہونے والے بچے بارہ ہزار کے بدلے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ دَعَا لِسَعْدٍ وَّعَوْدٍ فَكَانَ دُعَآئُهٗ مَقْبُوْلًا وَّسَهْمُهٗ
سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب نے دُعا فرمائی واسطے سعد اور عود کے پس ہوگئی ہر دُعا اس کی مقبول و مستجاب اور تیر اس کا درست

مُسَدَّدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ
اور مضبوط۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب نے

دَعَا لِابْنِ عَبَّاسٍ بِالتَّفَقُّهِ فِی الدِّيْنِ بِالْاِعْلَانِ فَكَانَ يُدْعٰی بِتَرْجُمَانِ
دعا فرمائی حضرت عبداللہ بن عباس کے لیے دین میں تفقہ کی علانیہ پس آپ کو ترجمان

الْقُرْاٰنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ
القرآن کہا جاتا تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الَّذِیْ كَانَ اِذَا دَعٰی لِرَجُلٍ دَعْوَةً اَدْرَكَتْهُ وَوَلَدَهٗ وَوَلَدَ وَلَدِهٖ وَنَحْوَهٗ
کہ جو محبوب دُعا فرماتے کسی شخص کے لیے تو وہ اس کو پہنچتی اور اس کی اولاد اور اولاد در اولاد کو بھی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جنھوں نے

دَعَا عَلٰی قُرَيْشٍ بِسِنِیْ يُوْسُفَ فَاَصَابَتْهُمْ سَنَةٌ اَكَلُوْا فِيْهَا الْمَيْتَةَ
دُعا فرمائی قریش پر یوسف علیہ السلام کے سالہائے قحط کی مانند پس ان کو پہنچی قحط سالی جس میں انہوں نے مردار

وَالْجُلُوْدَ وَالْعِظَامَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا
اور کھالیں اور ہڈیاں کھائیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

مُحَمَّدِ الَّذِیْ دَعَا عَلٰی مُلْجَمِ بْنِ جُثَامَةَ فَمَاتَ بِسَبْعٍ وَّقَدْ رَفَضَتِ
آل پر جنھوں نے دُعا فرمائی ملجم بن جثامہ پر پس وہ مرگیا ہفتہ کے اندر اور پھینک دیا

الْاَرْضُ عِظَامَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا
زمین نے اس کی ہڈیوں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ الَّذِیْ دَعَا عَلَی ابْنِ اَبِیْ لَهَبٍ وَّاجْتَهَدَ فَافْتَرَسَهُ الْاَسَدُ اَللّٰهُمَّ
پر کہ جس محبوب نے دعا فرمائی ابولہب کے بیٹے پر اور اس میں مبالغہ فرمایا تو پھاڑ دیا اس کو شیر نے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ دَعٰی عَلَی
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جنھوں نے دُعائے ہلاکت

الْاَحْزَابِ جِهَارًا فَاشْتَعَلَتْ عَلَيْهِمْ بُيُوْتُهُمْ نَارًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
فرمائی عساکر کفار پر علانیہ پس بھڑک اُٹھے ان پر ان کے گھر از روئے آگ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ دَعَا عَلٰٓی اَهْلِ الْقَلِيْبِ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے بدر کے کنوئیں والے کفار کے خلاف دُعا فرمائی

فَقُبِلَ دُعَآئُهٗ وَاسْتُجِيْبَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی
پس آپ کی دعا مقبول و مستجاب ہوئی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ دَعَا عَلٰی ثَعْلَبَةَ حِيْنَ مَنَعَ الصَّدَقَةَ فَاَتْلَفَ اللّٰهُ
آپ کی آل پر جنھوں نے دُعا فرمائی ثعلبہ کے خلاف جبکہ اس نے زکوٰۃ روک تھی تو اللہ تعالیٰ نے اس کا مال برباد

مَالَهٗ وَاَمْحَقَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ
اور بے برکت کر دیا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الَّذِیْ دَعَا عَلٰٓی اَبِیْ عَامِرِ الرَّاهِبِ فَمَاتَ وَهُوَ اِلَی الشَّامِ ذَاهِبٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
جنھوں نے دُعا فرمائی ابو عامر راہب کے خلاف پس وہ ہلاک ہو گیا جبکہ شام کی طرف جا رہا تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ دَعَا عَلَی الْحَكَمِ
و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنھوں نے حکم پر دُعا فرمائی

دَعْوَةً فَاَصَابَتْهُ لَقْوَةٌ وَّدَعَا عَلٰی صَبِیٍّ قَطَعَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةَ فَمَا رُئِیَ بَعْدَهَا
تو اس کو لقوہ ہو گیا اور دُعا فرمائی لڑکے کے خلاف جس نے آپ کی نماز قطع کی تھی پس وہ نہ دیکھا گیا بعد اس کے

قَآئِمًا حَتّٰی مَاتَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا
پاؤں پر کھڑے ہوئے حتیٰ کہ مرگیا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ الَّذِیْ دَعَا عَلٰی مَنْ اَسَآءَ عَلَيْهِ الْقَوْلَ فَمَا حَالَ عَلَيْهِمُ الْحَوْلُ اَللّٰهُمَّ
پھر جنھوں نے دعا فرمائی اپنے بدگو کے خلاف پس اس پر سال بھی نہ گزرنے پایا (کہ ہلاک ہوگیا) اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ دَعَا عَلٰى
صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جنہوں نے دُعا فرمائی

اِبْنِ قَمِيْئَةَ لِغَمْزِهٖ عَلَيْهِ فَقَتَلَهٗ عَنْزٌ مِّنْ عُنْزِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
ابن قمئہ کے خلاف اس کے آپ پر طعن کرنے کی وجہ سے تو اس کو قتل کر دیا اس کے بکروں میں سے ایک بکری نے ۔ اے اللہ صلواۃ و

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ دَعَا اللّٰهَ فِى ابْنِ حُمَيْدٍ وَّاسْتَعَانَهٗ
سلام نازل فرما سید محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جنہوں نے دُعا فرمائی ابن حمید کے خلاف اور اللہ تعالیٰ سے مدد چاہی

فَقَتَلَهٗ اَبُوْ دُجَانَةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
تو قتل کر دیا اس کو ابو دجانہ نے ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ دَعَا عَلٰى دُعْثُوْرٍ حِيْنَ رَامَ فَتْكَهٗ فَاَسْرَعَ اللّٰهُ هَلَكَتَهٗ اَللّٰهُمَّ
پر کہ جنہوں نے دُعا فرمائی دعثور پر جبکہ اس نے آپ پر اچانک حملہ آور ہونے کا ارادہ کیا تو فوری طور پر ہلاک کر دیا اس کو

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ دَعَا عَلٰى
اللہ تعالیٰ نے ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جس محبوب نے دُعا فرمائی

اَبِىْ جَهْلٍ بِلَا امْتِرَآءٍ فَقَتَلَهُ ابْنَا عَفْرَا وَدَعَا عَلٰى عُقْبَةَ وَشَيْبَةَ فَاَصَابَتْهُمَا
ابوجہل کے خلاف بلاشک تو قتل کر ڈالا اس کو عفراء کے دونوں بیٹوں نے اور دُعا فرمائی عتبہ اور شیبہ کے خلاف تو ان کو ذلت ورسوائی نے

الْخَيْبَةُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
اپنی لپیٹ میں لے لیا ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الَّذِىْ دَعَا عَلٰى مَنْ جَحَدَهُ الْفَرَسَ فَذَهَبَ عَنْهُ الرِّزْقُ وَاحْتَبَسَ
کہ جس محبوب نے دُعا فرمائی گھوڑا بیچ کر انکار کرنے والے کے خلاف پس چلا گیا اس سے اس کا رزق اور رُک گیا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ دَعَا
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے دُعا فرمائی

عَلَى الْوَلِيْدِ فَقَدَّ السَّيْفُ عَلَى الْوَرِيْدِ وَكَانَ دُعَآئُهٗ لَا يُرَدُّ وَفَضْلُهٗ
ولید کے خلاف تو کاٹ ڈالا تلوار نے اس کی شاہ رگ کو اور دُعا آپ کی رد نہیں کی جاتی تھی اور آپ کے فضل وکمال کی

لَا يُحَدُّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ
کوئی حد نہیں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جنہوں نے

دَعَا عَلٰى رِعْلٍ وَّذَكْوَانَ وَبَنِىْ لَحْيَانَ فَاَصَابَهُمُ الْهَوَانُ وَالْخُذْلَانُ اَللّٰهُمَّ
دُعا فرمائی رعل و ذکوان اور بنی لحیان کے خلاف پس لاحق ہوئی انہیں ذلت ورسوائی اور محرومی ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ دَعَا عَلٰى عُصَيَّةَ
صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے دُعا فرمائی عصیّہ

الَّتِىْ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاسْتُجِيْبَ لَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
قبیلہ کے خلاف جس نے نافرمانبرداری کی تھی اللہ تعالیٰ کی اور رسول اللہ کی پس مقبول ہوئی ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ لَمَّآ اَرَادَ مُبَاهَلَتَهُ النَّصَارٰى اِشْتَعَلَ
محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جب ارادہ کیا نصاریٰ نے آپ کے ساتھ مباہلہ کا تو بھڑک اٹھی

عَلَيْهِمُ الْوَادِىْ نَارًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
ان پر ساری وادی آگ بن کر ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَامَ غُوْرَثُ ضَرْبَهٗ بِالسَّيْفِ وَاَهْوٰى تَعَلَّقَتْ يَدَاهُ فِى الْهَوٰى
پر کہ جب ارادہ کیا غورث نے آپ پر تلوار کے وار کا ۔ اور آپ کی طرف مائل ہوا تو لٹک گیا خشک ہو کر ہاتھ اس کا ہوا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ سَتَرَهُ
میں ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جنہیں چھپائے رکھا

اللّٰهُ مِنْ اَعْدَآئِهٖ وَحَجَبَهٗ حِيْنَ رَامُوا الْفَتْكَ بِهٖ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
اللہ تعالیٰ نے اعداء سے اور حجاب میں رکھا جبکہ قصد کیا اعداء نے اچانک وار کا آپ پر عقبہ کی رات ۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ رَامَهٗ بَعْضُ الْكُفَّارِ
وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جب ارادہ کیا بعض کفار نے آپ کے ساتھ

غَدْرًا وَّكَتَمَ رَمْىَ بِزُمَيْلَةٍ وَّهِىَ شِهَابٌ مِّنْ جَهَنَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
غدر کا اور اس کو پوشیدہ رکھا تو اس کو نشانہ بنایا گیا زمیلہ کے ساتھ جو جہنم کا شعلہ ہے ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْفَاہُ اللّٰہُ عَمَّنْ بِمَکَّۃَ

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جنہیں پوشیدہ اور محفوظ رکھا اللہ تعالیٰ نے مکّہ کے

مِنَ الضُّلَّالِ حَتّٰی افْتَتَحَھَا بِغَیْرِ الْقِتَالِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

گمرہوں سے حتّٰی کہ فتح کر لیا اس کو بغیر جنگ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّآ اَرَادَ الشَّیْبَۃُ الْاُمَنَۃَ بِالنَّارِ ارْتَفَعَ

محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جب ارادہ کیا شیبہ نے ان کو آگ سے تکلیف پہنچانے کا تو بلند ہوا

لَہٗ شِھَابٌ مِّنْ نَّارٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

اس کے لیے شعلہ آگ کا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّآ اَرَادَ بَنُو النَّضِیْرِ اَنْ یُّلْقُوْا عَلَیْہِ الصَّخْرَۃَ اَخْبَرَہٗ بِذٰلِكَ

پر کہ جب ارادہ کیا بنو النضیر نے کہ پھینکیں آپ پر پتھر تو خبر دی انہیں اس امر کی

جِبْرَآئِیْلُ وَحَذَّرَہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

حضرت جبرئیل نے اور آپ کو محتاط رہنے کا مشورہ دیا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّآ اَرَادَ قُرَیْشٌ قَتْلَہٗ وَاتَّفَقُوْا شَتَّتَ اللّٰہُ شَمْلَھُمْ وَافْتَرَقُوْا

پر کہ جب ارادہ کیا قریش نے آپ کو شہید کرنے کا اور اس پر متفق ہو گئے تو پراگندہ کر دیا اللہ تعالیٰ نے ان کی جمعیت کو اور وہ جدا جدا ہو گئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَامَتْ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر کہ جب ارادہ کیا

ضَرَّہٗ امْرَاَۃُ اَبِیْ لَھَبٍ خُطِفَ بَصَرُھَا وَذَھَبَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

ابولہب کی بیوی نے آپ کو ضرر پہنچانے کا تو اچک لی گئی اس کی نگاہ اور چلی گئی اس کی بینائی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل ہوا

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّا رَامَ جَھْجَاہُ الْغِفَارِیُّ کَسْرَ

سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر کہ جب ارادہ کیا جہجاہ غفاری نے آپ کے

قَضِیْبِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَصَابَتْہُ عَاھَۃٌ مَّاتَ مِنْھَا قَبْلَ الْعَامِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

عصا کو توڑنے کا تو اس کو ایسی آفت و بیماری لاحق ہوئی کہ اس سے مر گیا سال سے بھی پہلے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّآ اَرَادَ الرَّاعِیْ اِخْبَارَ

وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جب ارادہ کیا چرواہے نے

قُرَیْشٍ بِھِجْرَتِہٖ حِیْلَ بَیْنَہٗ وَبَیْنَ حُجَّتِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

قریش کو آپ کے متعلق ہجرت کی خبر دینے کا تو رکاوٹ ڈال دی گئی اس کے درمیان اور اس کی دلیل و ثبوت کے درمیان۔ اے اللہ

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَامَتِ الْکُفَّارُ حَیْنَہٗ حَالَتِ الصَّفَا

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جب ارادہ کیا کفار نے آپ کی ہلاکت کا تو حائل ہو گئیں صفا

وَالْمَرْوَۃُ بَیْنَھُمْ وَبَیْنَہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اور مروہ ان کے اور آپ کے درمیان۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ کَفَاہُ اللّٰہُ اسْتِھْزَآءَ الْمُسْتَھْزِئِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ

آل اطہار پر کہ جنہیں کفایت فرمائی اللہ تعالیٰ نے مزاح کرنے والوں کے مزاح اور استہزاء سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَدْخَلَ اللّٰہُ تَحْتَ

سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ داخل فرمائے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کے حکم کے تحت

حُکْمِہٖ مَلٰٓئِکَۃَ التَّسْخِیْرِ وَاَنْزَلَ اللّٰہُ عَلَیْہِ اٰیَۃَ التَّخْیِیْرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

ملائکۂ تسخیر اور نازل فرمایا ان پر آیت تخییر کو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ جَمَعَ اللّٰہُ بِہٖ بَعْدَ

نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جن کی بدولت اللہ تعالیٰ نے الفت پیدا فرمائی بعد

الْقَطِیْعَۃِ وَاَمَرَ اللّٰہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَالْجِبَالَ اَنْ تُطِیْعَہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

قطع تعلق اور عداوت کے اور حکم دیا اللہ تعالیٰ نے آسمانوں، زمین اور پہاڑوں کو ان کی اطاعت کا۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ کَانَ لَہٗ مَلَكُ

وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر کہ جن کے لیے پہاڑوں پر مامور فرشتہ

الْجِبَالِ مِنَ الْاَعْوَانِ عَلٰٓی اَھْلِ الْکُفْرِ وَالطُّغْیَانِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

معاونین میں سے تھا اہل کفر اور سرکشوں کے خلاف۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ نَادَاہُ الْمَلَکُ مَرَّۃً اَوْ مَرَّتَیْنِ اِنْ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جنہیں پکار کر کہا اس فرشتہ نے ایک یا دو مرتبہ اگر

شِئْتَ لَاَطْبَقْتُ عَلَیْہِمُ الْاَخْشَبَیْنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

چاہو تو میں ان پر منطبق کردوں طائف کے دونوں پہاڑوں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ نَادَاہُ مَلَکُ الرِّیْحِ جِھَارًا اِنْ شِئْتَ لَاُمْلِئَنَّ

آپ کی آل پر جن کو پکار کر کہا ہوا کے فرشتے نے علانیہ اگر آپ چاہو تو بھر دوں

عَلَیْہِمْ فِیْ بُیُوْتِہِمْ نَارًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

ان پر ان کے گھروں کو آگ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ نَادَاہُ مَلَکُ الْبِحَارِ صَبَاحًا وَّ مَسَآءً اِنْ شِئْتَ جَعَلْتُ

آل پر کہ جنہیں ندادی سمندروں کے فرشتہ نے صبح و شام اگر آپ چاہو تو میں ساری

الْاَرْضَ مَآءً اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

زمین کو پانی میں بدل دوں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ نَادَاہُ مَلَکُ الظُّلْمَۃِ وَاَخْبَرَہٗ اَنَّ اللّٰہَ اَمَرَہٗ اَنْ یُّعِیْنَہٗ

پر کہ جنہیں پکار کر کہا تاریکی کے فرشتہ نے اور خبر دی کہ اللہ تعالیٰ نے اسے حکم دیا ہے کہ آپ کی اعانت اور مدد

عَلَی الْکُفَّارِ وَیَنْصُرَہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

کروں کفار کے خلاف۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ طَلَبَتْ مِنْہُ الْوُحُوْشُ وَالْاَطْیَارُ اَنْ تَکُوْنَ لَہٗ

کی آل پر کہ جس محبوب سے مطالبہ کیا جنگلی جانوروں اور پرندوں نے کہ ہوں ان کے لیے

عَوْنًا عَلَی الْکُفَّارِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

مددگار کفار کے خلاف۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ نَادَاہُ مَلَکُ الرَّعْدِ وَمَلَکُ السَّحَابِ بِاَنْ یَّنْصُرَاہُ بِاِذْنِ اللّٰہِ

پر کہ جنہیں پکار کر کہا رعد اور سحاب کے فرشتوں نے کہ وہ دونوں مدد کریں گے ان کی اللہ وہاب کے

الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

اذن سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الَّذِیْ اَعْظَمُ مُعْجِزَاتِہِ الْقُرْاٰنُ وَطَارَ لِمَسْجِدِہِ الْعِیْدَانُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

کہ جس محبوب کے تمام معجزات سے عظیم ترین معجزہ قرآن کریم ہے اور اڑ کر پہنچیں ان کی مسجد کے لیے لکڑیاں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْرَجَ لَہٗ شَجَرًا

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے لیے پیدا فرمایا ایک درخت

اَغْصَانُہٗ مِنَ الذَّھَبِ وَثِمَارُہٗ مُخْتَلِفَۃٌ اِسْمُ اللّٰہِ وَاسْمُہٗ مَکْتُوْبٌ عَلٰی اَوْرَاقِہٖ

جس کی شاخیں سونے کی ہیں اور اس کے پھل مختلف اقسام کے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا نام اور آپ کا نام لکھا ہے اس کے پتوں پر

عَلَیْہِ طَآئِرٌ اَبْیَضُ مِنَ الْحَجَرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اس پر سفید پرندہ ہے پتھر سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ شَقَّ الْقَمَرَ وَضَمَّ الْقَمَرَ بَعْدَ الْاِنْشِقَاقِ وَتَنَبَّہَ

سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب نے چاند کو دو ٹکڑے کردیا اور ملا دیا اس کے ٹکڑوں کو پھٹنے کے بعد اور بیدار ہوگئے

بِہٖ جَآئِرٌ مِّنَ الْغَشْیِ وَاَفَاقَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

بسبب اس معجزہ کے جور پیشہ غشی اور بیہوشی سے اور ہوش میں آگئے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ بَصَّرَ صَبِیَّۃً کَمْھَآءَ وَسَارَ مَعَ اَصْحَابِہٖ

آپ کی آل پر جنہوں نے بینا فرمادیا مادر زاد اندھی بچی کو اور چلے ساتھ

فَاَضَآءَتْ اَصَابِعُہٗ فِیْ لَیْلَۃٍ ظَلْمَآءَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اپنے صحابہ کے تو روشن ہوگئیں انگلیاں (ایک صحابی کی) سخت تاریک رات میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ مَحٰی عَنِ التُّرْسِ تِمْثَالَ کَبْشٍ وَّصَارَ

اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے مٹادی ڈھال پر سے تصویر مینڈھے کی اور جن کی

بِہِ الْعُرْجُوْنُ سَیْفًا فِیْ یَدِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ جَحْشٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

بدولت ہوگئی شاخ خرما فولادی تلوار عبد اللہ بن جحش کے ہاتھ میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ نَبَتَ مِنْ سَنَامِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب کی بدولت اُگ آیا اونٹنی کی

النَّاقَةِ بِهِ الشَّجَرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

کوہان سے درخت۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اَخْرَجَ مِنَ الْحَجَرِ طَآئِرًا جَسَدُهٗ مِنَ الْفِضَّةِ مِنْقَارُهٗ

کی آل پر جس محبوب نے نکالا پتھر سے ایسے پرندے کو جس کا جسم چاندی کا تھا چونچ

مِنَ الْيَاقُوْتِ رِجْلَاهُ مِنَ الزَّبَرْجَدِ اَحَدُ جَنَاحَيْهِ مِنَ الْمِسْكِ وَالْاٰخَرُ

یاقوت کی اور دونوں پاؤں زمرد کے تھے۔ ایک پَر کستوری سے تھا اور دوسرا

مِنَ الْعَنْبَرِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ يَا نُوْرُ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا يَا وَكِيْلُ لَا تَكِلْنَا

عنبر سے تھا۔ اے اللہ ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے اے نور منوّر فرما ہمارے دلوں کو اے کارساز ہمیں ہمارے

اِلٰى اَنْفُسِنَا يَا جَامِعُ اجْمَعْ عَلَى الْهُدٰى اَمْرَنَا يَا نَافِعُ انْفَعْنَا بِمَا

نفوس کے سپرد نہ فرما۔ اے جامع جمع فرما ہدایت پر ہمارے امر کو۔ اے نافع ہمیں نفع عطا فرما

عَلَّمْتَنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْمَا اَعْطَيْتَنَا يَا مَنْ يَّضُرُّ وَيَنْفَعُ وَيُعْطِىْ وَيَمْنَعُ

ساتھ اس علم کے جو تو نے سکھلایا اور برکت عطا فرما اس میں جو عطا کیا۔ اے کہ ضرر و نفع اور عطا و منع اسی کے ہاتھ میں ہے

وَامْنُنْ عَلَيْنَا بِالْخَيْرِ وَالرِّضَا وَالْاَمْنِ فِى السَّرَّآءِ وَاحْفَظْنَا مِنَ

اور احسان فرما ہم پر ساتھ خیر اور رضا کے اور امن کے خوشی میں اور محفوظ فرما ہمیں

الضَّرَّآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ اِنَّكَ سَمِيْعُ النِّدَآءِ وَمُجِيْبُ الدُّعَآءِ يَا شَكُوْرُ

ضرر و نقصان سے اور دشمنوں کی خوشی سے۔ بیشک تو ہی نداؤں کا سننے والا ہے اور دعائیں قبول کرنیوالا ہے۔ اے شکور

اَنْتَ الْمَشْكُوْرُ اجْعَلْنَا مِنَ الشَّاكِرِيْنَ يَا صَمَدُ قَدْ صَمَدْنَاكَ حَاجَتَنَا

تو ہی مشکور بنا ہمیں شکر گزاروں سے۔ اے صمد ہم نے تیرا ہی قصد کیا ہے اپنی حاجات میں

فَلَا تَرُدَّنَا خَآئِبِيْنَ يَا مُجِيْبُ اسْتَجِبْ دُعَآئَنَا يَا قَرِيْبُ قَرِّبْ رَحْمَتَكَ

لہٰذا ہمیں محروم نہ لوٹانا اے مجیب قبول فرما ہماری دعائیں۔ اے قریب اپنی رحمت کو ہم سے قریب فرما۔

مِنَّا يَا مُقْسِطُ اَنْتَ الْقَآئِمُ فَوْقَ الْمُقْسِطِيْنَ وَالْاٰمِرُ بِالْقِسْطِ فَوْقَ

اے مقسط تو ہی نگران و محافظ ہے اوپر عدل کرنے والوں کے اور حکم دینے والا ہے عدل کا اوپر

الْقِسْطِ وَالْمُنَزِّلُ كِتَابَكَ بِالْقِسْطِ فَوْقَ الْمُقْسِطِيْنَ وَاَصْلَحُ الْقَاسِطِيْنَ

عدل کے اور نازل کرنے والا ہے اپنی کتاب کو ساتھ عدل کے اُوپر عدل کرنے والوں کے اور بہت اصلاح کرنے والا ہے عادلین کی

وَنَجِّنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ يَا غَافِرُ ارْزُقْنَا عَدْلَ الْوُلَاةِ وَجَنِّبْنَا

نجات دے ہمیں قوم ظالمین سے اے غافر ہمیں حکام کا عدل نصیب فرما اور ہمیں بچا

جَوْرَ الطُّغَاةِ يَا بَاسِطُ اُبْسُطْ عَلَيْنَا رَحْمَتَكَ يَا غَنِىُّ اَغْنِنَا مِنْ خَلْقِكَ

سرکشوں کے جور و ظلم سے۔ اے باسط وسیع فرما ہم پر اپنی رحمت۔ اے غنی بے نیاز فرما ہمیں اپنی مخلوق سے۔

يَا فَتَّاحُ افْتَحْ عَلَيْنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ يَا وَلِىُّ تَوَلَّنَا بِحِفْظِكَ وَحَيَاتِكَ يَا

اے فتاح کھول ہم پر اپنی رحمت کے دروازے۔ اے ولی ہمارا متولی بن اپنی حفاظت کے ساتھ اور اپنی حیات کے ساتھ۔ اے

شَهِيْدُ اشْهَدْ عَلَيْنَا بِتَوْحِيْدِكَ وَعِبَادَتِكَ يَا مُحْيِىْ يَا مُمِيْتُ اَحْيِنَا

مطلع اور واقفِ احوال ہمارے لیے گواہ بن اپنی توحید و عبادت پر اے محی۔ اے ممیت ہمیں زندہ رکھ

بِخَيْرٍ وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا يَوْمَ الدِّيْنِ

ساتھ خیر کے اور وفات دینا حالتِ اسلام پر اور لاحق فرمانا صالحین کے ساتھ اور بخشنا قیامت کے دن۔

اِنَّكَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مِنْ اَهْلِ وِلَايَتِكَ

بیشک تو بہت بہتر بخشنے والا ہے۔ اے اللہ بنا ہمیں دنیا و آخرت میں اپنے دوستوں سے اور

وَامْلَاْ عُقُوْلَنَا بِاِثْمِدِ هُدَايَتِكَ وَاحْرُسْ اَقْدَامَ اَفْكَارِنَا مِنْ مَّزَالِقِ

سرمگین فرما ہمارے عقول (کی آنکھوں) کو اپنی ہدایت کے سرمہ کے ساتھ اور ہمارے افکار کے اقدام کو محفوظ فرما شبہات کے

مَوَاطِنِ الشُّبُهَاتِ وَامْنَعْ طُيُوْرَ نُفُوْسِنَا مِنَ الْوُقُوْعِ فِىْ شِبَاكِ مُوْبِقَاتِ

پھسلنے والے مقامات سے اور ہمارے نفوس کے پرندوں کو روک شبہات کے ہلاکت آفرین جال میں

الشُّبُهَاتِ وَاَتْمِمْنَا فِىْ اِقَامِ الصَّلٰوةِ عَنْ تَرْكِ الشَّهَوَاتِ وَاصْفَحْ سُطُوْرَ

گرنے سے اور ہماری تکمیل فرما نماز قائم کرنے میں شہوات کو ترک کرا کر اور مٹا دے ہماری برائیوں کے سطور کو

سَيِّئَاتِنَا مِنْ جَرَائِدِ أَعْمَالِنَا بِأَيْدِي الْحَسَنَاتِ كُنْ لَنَا حَيْثُ يَنْقَطِعُ

ہمارے اعمالناموں سے نیکیوں کے ہاتھوں سے۔ تو ہمارا ہو جانا جس مقام پر منقطع ہو جائے

الرَّجَاءُ مِنْكَ إِذَا أَعْرَضَ أَهْلُ الْوُجُودِ بِوُجُوهِهِمْ عَنَّا حَتّٰى تَحْصُلَ

امید جب منہ موڑ لیں اہلِ دُنیا ہم سے یہاں تک کہ جا پہنچیں

فِي ظُلَمِ اللُّحُودِ رَاهِنِينَ أَفْعَالَنَا إِلَى الْيَوْمِ الْمَشْهُودِ أَجِرْ عَبْدَكَ

قبور کی تاریکیوں میں در آنحالیکہ گروی ہوں ہمارے افعال یوم قیامت تک کے لیے پناہ دے اپنے عبد

الضَّعِيفَ عَلٰى مَا أَعْرَضَ مِنَ الْعِصْمَةِ وَالزَّلَلِ وَوَفِّقْهُ وَالْحَاضِرِينَ

ضعیف و ناتواں کو باوجود اس کے اعراض کے عصمت سے اور ٹھوکریں کھانے کے اور توفیق دے اسے اور جملہ حاضرین

لِصَالِحِ الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ وَأَجْرِنَا عَلٰى لِسَانِهِ مَا يَنْتَفِعُ بِهِ السَّامِعُ وَ

کو قول صالح اور عمل صالح کی اور جاری فرما اس کی زبان پر جس سے نفع اُٹھائیں سامعین اور

تَذْرِفُ لَهُ الْمَدَامِعُ وَيَلِينُ لَهُ الْقَلْبُ الْخَاشِعُ وَاغْفِرْ لِي وَلِلْحَاضِرِينَ

بہیں آنسو اور نرم و گداز ہوں اس کے لیے دل اہل خشوع کے اور بخش مجھے اور حاضرین کو

وَلِكُلِّ الْمُسْلِمِينَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ اَللّٰهُمَّ أَقِمْنَا بِصِدْقِ الْعُبُودِيَّةِ

اور تمام اہل اسلام کو، تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو رب ہے تمام جہانوں کا۔ اے اللہ ہمیں قائم فرما ساتھ خالص عبودیت

بَيْنَ يَدَيْكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ أَلْسِنَتَنَا رَطْبَةً بِذِكْرِكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ نُفُوسَنَا

کے اپنی بارگاہ میں۔ اے اللہ بنا ہماری زبانوں کو تر و تازہ اپنے ذکر کے ساتھ۔ اے اللہ بنا ہمارے نفوس کو

مُطِيعًا لِأَمْرِكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ أَرْوَاحَنَا مُكَرَّمَةً بِمُشَاهَدَتِكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ

اپنے امر کا اطاعت گزار۔ اے اللہ بنا ہماری روحیں عزت پانے والی ساتھ اپنے مشاہدہ کے۔ اے اللہ بنا

أَسْرَارَنَا مُنَعَّمَةً بِقُرْبِكَ وَمَزِيدَةً لَدَيْكَ اَللّٰهُمَّ جُودُكَ دَلَّنِي عَلَيْكَ

ہمارے اسرار و بواطن کو نعمت پانے والے اپنے قرب کے ساتھ اور مزید نعمت کے ساتھ تیرے ہاں۔ اے اللہ تیرے جود و نوال نے رہنمائی فرمائی ہے

وَإِحْسَانُكَ قَرَّبَنِي إِلَيْكَ فَأَشْكُوا إِلَيْكَ مَا لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ وَأَطْلُبُ

میری اور تیرے احسان نے قریب کیا مجھے تیرے پس میں شکایت کرتا ہوں تیری طرف اس امر کی جو تجھ پر مخفی نہیں اور طلب کرتا ہوں

مِنْكَ مَا لَا يَعْسُرُ عَلَيْكَ عِلْمُكَ بِحَالِي يُغْنِينِي عَنْ سُؤَالِي اَللّٰهُمَّ نَجِّنِي

تجھ سے جو تیرے لیے مشکل نہیں۔ تیرا جاننا میرے حال کو مجھے بے نیاز کرتا ہے میرے سوال سے۔ اے اللہ نجات دے

مِنَ النَّارِ وَارْزُقْنِي مَغْفِرَةً بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْمَنْزِلَ الصَّالِحَ مِنَ

مجھے آگ سے اور عطا فرما مجھے مغفرت رات اور دن میں اور موزوں مقام

الْجَنَّةِ آمِينَ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

جنت سے۔ ایسے ہی ہو بطفیل تیری رحمت کے اے ارحم الراحمین۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي لَانَ فِي يَدِهِ الْحَجَرُ وَخَرَجَ بِهِ اللَّبَنُ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے ہاتھ میں نرم ہو گئے پتھر اور جن کے طفیل نکلا دودھ

مَعَ الْعَسَلِ مِنَ الْعَجْمَةِ فَصَارَ يَاقُوتًا أَحْمَرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بمع شہد کے جانور سے پس ہو گیا یاقوت سُرخ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي أَعْطَى الْحَسَنَيْنِ تِينَتَيْنِ لِلْبُكَاءِ وَقَالَتْ لَهُ

اور آپ کی آل پر جس محبوب نے عطا کیں حسنین کریمین کو دو انجیریں (جنت سے) ان کے رونے پر اور کہا

نَخْلَةٌ هٰذَا سَيِّدُ الْأَنْبِيَاءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

آپ کے متعلق کھجور نے کہ یہ انبیاء کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي قَالَتْ لَهُ هٰذَا مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ نَخْلَةٌ أُخْرٰى وَأَطْعَمَ

کی آل پر کہ جس محبوب کے متعلق کہا دوسری کھجور نے یہ ہیں محمد رسول اللہ اور کھلائے آپ نے

عِنَبَ الْجَنَّةِ خَدِيجَةَ الْكُبْرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جنتی انگور حضرت خدیجۃ الکبریٰ کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي جَاءَ إِلَيْهِ لِطَلَبِ رُكَانَةَ نِصْفُ الشَّجَرِ

اور آپ کی آل پر کہ جن کی خدمت میں حاضر ہوا رکانہ کے مطالبہ پر آدھا درخت

وَذَهَبَ بِأَمْرِهِ ذٰلِكَ النِّصْفُ إِلٰى مَنْبَتِهِ وَانْضَمَّ نِصْفَ الْآخَرِ اَللّٰهُمَّ

اور چلا گیا آپ کے حکم سے وہ نصف اپنے مقام کی طرف اور جڑ گیا دوسرے حصّہ کے ساتھ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ شَکٰی اِلَیْهِ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جن کی بارگاہ میں شکایت کی اونٹ نے

جَمَلٌ لِّقَوْمِهٖ بِتَرْكِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اپنی قوم کے نماز عشاء کو ترک کرنے کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ جَآءَهٗ جِبْرَآئِیْلُ بِثَوْبَیْنِ اَبْیَضَیْنِ فَصَارَ

آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے پاس لائے جبرئیل دو کپڑے سفید۔ تو ہو گیا ان

اَحَدُهُمَآ اَخْضَرَ وَالْاٰخَرُ اَحْمَرَ بِصَبِّ الْمَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

میں سے ایک سبز اور دوسرا سُرخ پانی ڈالنے کے بعد۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْرَجَ اَبَا جَهْلٍ مِّنْ قَعْرِ الْبِیْرِ وَمَالَ

محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جنھوں نے نکالا ابوجہل کو کنوئیں کی گہرائی سے اور مائل ہوا

عَلٰی اَبِیْ جَهْلٍ مِّنْ عِنْدِهِ الْبَعِیْرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

ابوجہل پر اُونٹ اس کے پاس سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْرَجَ مِنَ الْحَجَرِ شَجَرًا اِقْتَرَنَ بِالسَّمَآءِ وَ

آپ کی آل پر جس محبوب نے نکالا پتھر سے عظیم درخت جو آسمان کی بلندی تک پہنچا اور

رَدَّ ذٰلِكَ الشَّجَرَ فِی الْحَجَرِ بِقَوْلِ الْاَعْدَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

لوٹایا اس کو اسی پتھر میں دشمنوں کے مطالبہ پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ ظَهَرَتْ بِرِیْقِهٖ عَیْنٌ سُمِّیَتْ مَآءَ

محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ نمودار ہوا جن کے لعاب دہن سے ایک چشمہ جو

الرَّسُوْلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

عین الرسول کہلایا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کیلئے

قَصُرَتْ لَهٗ یَدَا الشَّهْبَآءِ لِلصُّعُوْدِ عَلَی الْجَبَلِ وَطَالَتْ یَدَاهَا لِلنُّزُوْلِ اَللّٰهُمَّ

کوتاہ ہوجاتے اگلے پاؤں براق کے پہاڑوں پر چڑھتے وقت اور دراز ہوجاتے اترتے وقت۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَكَّتَ السَّارِیَةَ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جنھوں نے چُپ کرائی روتے ستون کو

الْحَنَّانَةَ وَعَادَ بِهِ الْخَشَبُ سَیْفًا فِیْ یَدِ اَبِیْ دُجَانَةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور ہو گئی ان کے طفیل لکڑی تلوار ابودجانہ کے ہاتھ میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَارَ جَمَلُ جَابِرٍ اِذْ ضَرَبَهٗ بِعَصَاهُ

سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر کہ تیز رفتار ہوگیا اُونٹ حضرت جابر کا جبکہ مارا اسے آپ نے اپنی چھڑی سے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَعْطٰی

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جنھوں نے عطا کیا

فَصًّا عَلِیًّا لِّیَنْقُشَ فِیْهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَوَجَدَ فِیْهِ بَعْدَ النَّقْشِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ

حضرت علی کو نگینہ تاکہ نقش کرائیں اس میں لا الٰہ الا اللہ پس لکھا ہوا پایا اس میں اس کے ساتھ محمّد رسول

اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَ

اللہ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جب آپ

اِذَآ اَرَادَ نُزُوْلَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ لِلْمُعْجِزَةِ فَیُحَرِّكُ شَفَتَیْهِ فَیَنْزِلَانِ حَیْثُ شَآءَ

ارادہ فرماتے تھے سورج یا چاند کے نزول کا وقت معجزہ کے تو ہلاتے اپنے ہونٹوں کو تو وہ اترتے جہاں آپ چاہتے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ نَبَعَ مِنْ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جاری ہو گیا

بَیْنِ اَصَابِعِهِ الْمَآءُ عِنْدَ ذَهَابِهٖ اِلٰی الْقُبَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

ان کی اُنگلیوں کے درمیان سے پانی وقت تشریف لے جانے آپ کے طرف قباء کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَنْشَاَ الْاَعْضَآءَ لِلصَّبِیَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے درست کر دئے اعضاء ایک بچی کے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ بَحَثَ فِی الْاَرْضِ

و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے کھرچا زمین کو

بیدہٖ للسقیا فانفجر منھا الماء فاروٰی اصحابہ وکلمہ العظم

اپنے ہاتھ مبارک سے پانی ہلانے کے لیے تو اس سے پانی پھوٹ پڑا پس سیراب فرمایا اپنے صحابہ کو اور کلام کیا آپ کے ساتھ ہڈی نے

فاجابہ اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد

پس آپ نے جواب دیا اس کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الذی شھد برسالتہ الضب وقطع بہ الاسد بطن عتبۃ بن ابی

کہ جن کی رسالت کی گواہی دی سوسمار نے اور جن کی وجہ سے پھاڑ ڈالا شیر نے پیٹ عتبہ بن

لھب اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد

ابی لہب کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الذی سلم الکلاء علیہ ولان الحجر تحت قدمیہ اللّٰھم صل و

کہ جنھیں سلام پیش کیا سبز گھاس نے اور نرم و گداز ہو گیا پتھر آپ کے قدموں کے نیچے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی راٰی ابوجھل

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ دیکھا ابوجہل نے اپنے

بینہ وبین نفسہ طیورا ملات الارض وخندقا من النار وکان

اور سید عالم کے درمیان پرندوں کو جنھوں نے پُر کر رکھا تھا زمین اور دیکھی خندق آگ کی اور

یرٰی باللیل کما یرٰی بالنھار اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی

آپ دیکھتے تھے رات میں جیسے کہ دیکھتے تھے دن میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰل سیدنا محمد الذی کلمہ یعفور وما نضجت خبزۃ فی التنور اللّٰھم

آپ کی آل پر کہ جن کے ساتھ کلام کیا یعفور (گدھے) نے اور نہ پکیں جن کے (ہاتھ سے لگی) روٹیاں تنور میں۔ اے اللہ

صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی صار درا اقلامۃ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ ہو گئے آپ کے ناخنوں کے تراشے موتی اور جواہر

اظفارہ وسمع ابوبکر قراءۃ القراٰن عند اشعارہ اللّٰھم صل وسلم علی

اور سنی حضرت ابوبکر نے قرآن مجید کی قراءت آپ کے بالوں کے پاس۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی قال انا اقتلک وانت علی

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جنھوں نے فرمایا ابی بن خلف کو کہ میں قتل کروں گا تجھے جبکہ تو

ھذا الفرس لاُبی بن خلف اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی

اس گھوڑے پر ہو گا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰل سیدنا محمد الذی قال لعلی حین بات فی مضجعہ لیلۃ الھجرۃ ان

آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے فرمایا حضرت علی کو جبکہ وہ سوئے ہجرت کی رات آپ کی خوابگاہ پر بے شک

الکفار لا یقدرون علی اضرارک فلا تخف اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا

کفار تجھے ضرر پہنچانے پر قادر نہیں ہوں گے لہٰذا خوفزدہ نہ ہونا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی فی الغار نسجت لہ العنکبوت وقال

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جن کے لیے غار کے منہ کو مکڑی نے جالا تنا اور جنھوں نے فرمایا

لحبیب بن مسلمۃ ان اباک عن قریب یموت اللّٰھم صل وسلم علی

حبیب بن مسلمہ کو بیشک تمہارا باپ عنقریب مر جائے گا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد الذی اعمٰی بالتراب للخروج ابصار

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جنھوں نے اندھا کر دیا مٹی کے ساتھ ہجرت کیلئے نکلتے وقت

الکفار ولان من اجلہ الحجر فی الغار اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد

کفار کی آنکھوں کو اور ملائم ہو گیا ان کے لیے پتھر غار میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وعلی اٰل سیدنا محمد الذی وکرت لہ الحمامۃ وشھد برسالتہ مولود

اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جن کے کبوتر نے گھونسلہ بنایا اور گواہی دی آپ کی رسالت کی

اھل الیمامۃ اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد

